مطبوعات

تذکرہ سلیمانی | تالیف: جناب غلام محمد صاحب بی، اے عثمانیہ۔ ناشر: ادارہ مجلس علمی۔ کراچی۔ صفحات ۴۴۶۔ قیمت مجلد سات روپے آٹھ آنے۔

کسی شخصیت کی عظمت کو پرکھنے کے لیے عام طور پر پانچ اصول پیش نظر رکھے جاتے ہیں۔ ایک یہ کہ وہ کسی ایسے آئیڈیل کی محبت میں سرشار ہو۔ جس سے انسانیت کی فلاح وابستہ ہو۔ اس ضمن میں اگر وہ انسانوں سے محبت بھی کرے تو اُن سے مادی فوائد ولذائذ حاصل کرنے کے لیے نہیں بلکہ صرف اس لیے کہ اُن انسانوں میں اُس کے پسندیدہ اصول جلوہ گر ہیں۔ پھر آئیڈیل سے محبت بھی کسی وقتی جوش اور ہیجان کا نتیجہ نہ ہو بلکہ وہ سوچ سمجھ کر دل و دماغ کو اچھی طرح استعمال کرنے کے بعد اُس سے لگن پیدا کرے۔ اس کے علاوہ وہ جس نصب العین کو اپنانے کا دعویدار ہے اُس کی سربلندی اور سرفرازی کے لیے وہ مسلسل اور پیہم جدوجہد بھی کرتا رہے۔ ان اصولوں پر جب ہم مولانا سید سلیمان ندوی علیہ الرحمۃ کو پرکھتے ہیں تو انہیں واقعی ایک عظیم انسان پاتے ہیں۔ خدا کے اس پاکباز بندے نے پوری زندگی کو خدمتِ اسلام کے لیے وقف کیا اور اس سلسلہ میں ایسے عظیم الشان کام سرانجام دیئے جنہیں مسلمان کبھی فراموش نہیں کر سکتے اسے مولانا مرحوم کی نیک بختی کے علاوہ اور کیا کہا جا سکتا ہے کہ جس نیک اور مقدس کام پر مولانا شبلی کا اختتام ہوا اس سے علامہ سید سلیمان مرحوم نے آغاز کیا۔ یوں تو علم کا کوئی ایسا میدان نہیں جس میں انہوں نے گوہر نہ لٹاتے ہوں، مگر حضور سرورِ کائنات کی حیاتِ طیبہ کو جس اچھے انداز میں انہوں نے قلم بند کیا ہے وہ اُن کا علمی شاہکار ہے۔ اور یہی خدمت تنہا انہیں زندہ رکھنے کے لیے کافی ہے۔ وہ وسعتِ مطالعہ، ذوقِ تحقیق، دقیقہ رسی